نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

صدر مشرف کے اہداف امریکی مقاصد سے ہم آہنگ ہیں: معاون وزیر خارجہ رچرڈ باؤچر

اسلام آباد (24 اپریل 2006ء) ___ امریکی معاون وزیر خارجہ برائے جنوبی و وسط ایشیائی امور رچرڈ اے باؤچر نے واشنگٹن میں جمعہ 21 اپریل کو پاکستان کے ایک اخبار کو انٹرویو دیتے ہوئے امریکہ کے اس عزم کا اعادہ کیا ہے جو اس نے پاکستان میں صدر مشرف کے مجموعی تزویراتی اہداف بشمول جمہوریت کے لئے کر رکھا ہے اور ان اطلاعات کی تردید کی ہے جس میں یہ کہا گیا ہے کہ امریکہ صدر مشرف سے خود کو دور کرنا چاہ رہا ہے۔

رچرڈ باؤچر نے اُن اخباری اطلاعات کو مسترد کر یا جن میں کہا گیا ہے کہ صدر مشرف کی حکومت کے بارے میں امریکی پالیسی میں تبدیلی آگئی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ مجھے نہیں معلوم کہ لوگ ایسا کیوں کہہ رہے ہیں۔ اس خطہ کے لئے امریکی پالیسی کی بنیاد وہ ہے جسے صدر مشرف روشن خیال اعتدال پسندی کہتے ہیں۔ باؤچر نے تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ صدر مشرف نے جو اہداف مقرر کر رکھے ہیں وہ امریکی مقاصد سے ہم آہنگ ہیں اور ہم ان مقاصد کے حصول میں ان کی مدد کرنا چاہتے ہیں۔

اسلام آباد میں اس ماہ کے اوائل میں چیف الیکشن کمشنر اور مختلف سیاسی جماعتوں کے ارکان سے ملاقاتوں کے بارے میں استفسار پر رچرڈ باؤچر نے اپنی ان ملاقاتوں اور کی جانے والی گفتگو کو پاکستان کے جمہوریت کی طرف سفر اور اداروں کی تشکیل کے تناظر میں قرار دیا۔ باؤچر نے کہا کہ الیکشن کمیشن آزادانہ اور غیر جانبدارانہ انتخابات میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں اور یہ وہ نصب العین ہے جس کی ہم حمایت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتیں آزادانہ اور غیر جانبدارانہ انتخابات کے انعقاد کا مرکزی کردار ہوتی ہیں۔

جمہوریت اور پاکستان میں صدر پرویز مشرف کی جانب سے اجاگر کئے گئے جمہوری راستے کے خاکہ کے لیئے امریکی حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے رچرڈ باؤچر نے کہا کہ جمہوریت کے لیئے امریکی حمایت اور صدر مشرف کی جانب سے اپنے لئے قائم کئے گئے اہداف میں کوئی تضاد نہیں ہے۔ صدر بش نے بھی اسلام آباد میں اپنے مشترکہ اعلامیہ میں اسی بات کا اظہار کیا تھا۔

امریکی سفیر رائن سی کروکر نے بھی اختتامِ ہفتہ کراچی میں اپنے ایک ٹیلیویژن انٹرویو میں بھی صدر بش کے لئے اسی امریکی حمایت کا اعادہ کیا تھا۔ پاکستان میں جمہوریت پر کئے گئے ایک سوال کے جواب میں جنابِ سفیر نے کہا تھا کہ میں یہ بات بالکل واضح کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارا اس مسئلہ پر کیا موقف ہے۔ اس کا ذکر مشترکہ اعلامیہ میں موجود ہے۔ ایک ایسے موقع پر جب پاکستان مضبوط اور شفاف جمہوری اداروں کے فروغ کے لیئے کوشاں ہے اور آزادانہ اور شفاف انتخابات کے ساتھ پائیدار جمہوریت کی طرف گامزن ہے ہم اسکی حمایت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ اس جانب صدر مشرف اور حکومتِ پاکستان کے ساتھ ہے۔

اسلام آباد
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ
رمنا-5، اسلام آباد
فون: 2080000
E-mail: infoisb@state.gov

لاہور
50 ایمپریس روڈ
فون: 6034000
E-mail: irclahore@state.gov

کراچی
کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ
فون: 5204200
E-mail: irckhi@state.gov

پشاور
11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ
فون: 3-5279801, 3-5285901